المکرمۃ النبویۃ فی الفتاوی المصطفویۃ

شہزادۂ اعلیٰ حضرت، امام الفقہا، مفتیٔ اعظم ہند

تصنیف: حضرت علامہ مصطفٰے رضا قادری نوری علیہ الرحمہ

متوفی (۱۴۰۲ھ/1981ء)

ALAHAZRAT NETWORK

اعلحضرت نیٹ ورک

www.alahazratnetwork.org

(۱۶) القول العجیب فی جواز التثویب (۱۳۳۹ھ) ـــــ یہ رسالہ اذان کے بعد صلاۃ وسلام پکارنے کے متعلق چند فتاوے کا مجموعہ ہے۔ جو حجم کے اعتبار سے تو بہت چھوٹا ہے کہ صرف ۱۲ صفحات پر مشتمل ہے لیکن مفاہیم ومعانی کے لحاظ سے نہایت ہی جامع ہے۔

(۱۷) الطاری الداری لہفوات عبد الباری (۱۳۳۹ھ) ـــــ یہ کتاب اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی اور مولانا عبد الباری فرنگی محلی لکھنوی کے درمیان ہونے والی جملہ مراسلت کا مجموعہ ہے۔ اعلیٰ حضرت نے مولانا کو ان کے غلط نظریۂ سیاست کے متعلق ۲۲ خطوط لکھے اور انھوں نے جواب میں ۱۶ ـــــ حضرت مفتی اعظم ہند قبلہ نے ان سارے خطوط کو اس کتاب میں جمع فرما کر ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۱ء میں حسنی پریس بریلی شریف سے تین حصوں میں شائع کیا ـــــ اور ۱۴۰۸ھ/۱۹۸۸ء میں شاہ پیر محمود احمد صاحب قادری کی ترتیب جدید اور ماہر رضویات پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب نقشبندی کی تنقیدات وتعاقبات کے ساتھ لاہور سے ایک جلد میں طبع ہوئی جو ۲۳۶ صفحات پر پھیلی ہوئی ہے۔

(۱۸) طرق الہدیٰ والارشاد الی احکام الامارۃ والجہاد (۱۳۴۱ھ) ـــــ اس رسالہ میں جہاد، خلافت، ترک موالات، نان کو آپریشن اور قربانی گاؤ وغیرہ کے متعلق چھ سوالات کے جوابات ہیں۔ اس میں صفحہ نمبر کے ساتھ کتاب تذکرۃ الرشید کے وہ جملے بھی جو انگریزوں کی تعریف اور مسلمانوں کی توہین میں کہے گئے ہیں درج ہیں ـــــ اور اس پر حضرت علامہ ابو الشرف محمد شرف الدین اشرف الجائسی کا ایمان افروز ۱۳ صفحات پر مشتمل پیش لفظ ہے ـــــ آخر میں حضرت صدر الشریعہ مولانا محمد امجد علی صاحب اعظمی، حضرت صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین صاحب مرادآبادی، شیر بیشۂ اہلسنت حضرت مولانا حشمت علی خان صاحب لکھنوی، حضرت مولانا مفتی سید اولاد رسول محمد میاں قادری برکاتی مارہروی اور حضرت مولانا حسنین رضا قادری نوری بریلوی وغیرہ جلیل القدر مفتیان کرام وعلمائے عظام علیہم الرحمۃ والرضوان کی تصدیقات ہیں ـــــ یہ رسالہ اس مجموعۂ فتاوٰی کے ص۵۵۹ سے ص۵۸۹ تک پھیلا ہوا ہے۔

(۱۹) فصل الخلافۃ ـــــ یہ رسالہ ۱۳۴۱ھ میں پایۂ تکمیل کو پہونچا۔ اس کا لقب سوراج درسوراخ ہے۔ اس رسالہ میں مسئلہ خلافت اور ترکوں کے ہاتھوں ختم خلافت پر بحث کی گئی ہے۔

(۲۰) محجۃ واہرہ بوجوب الحجۃ الحاضرہ (۱۳۴۲ھ) ـــــ یہ رسالہ ۴۸ صفحات پر مشتمل ہے بعض لیڈروں نے حج بیت اللہ سے روکنے کی کوشش کی تھی جس کی وجہ انھوں نے یہ بتائی تھی کہ شریف مکہ ظالم ہے۔ اور اس

کے مظالم قرامطہ جیسے ہیں۔ اور اس وقت علمائے حج کی ممانعت فرمائی تھی۔ لہٰذا اس وقت بھی اس کی ممانعت ہونی چاہئے ـــــ حضرت مفتی اعظم قدس سرہٗ نے اس رسالہ میں اس کا رد بلیغ فرمایا۔ اور حج فرض ہونے کے بعد فوراً اس کی ادائگی واجب ہے۔ اس کو واضح دلائل سے ثابت فرمایا۔

(۲۱) القسورہ علیٰ ادوار الحمر الکفرہ (۱۳۴۳ھ) ـــــ اس کا لقبی نام "ظفر علی رمۃ کفر" ہے۔ جس سے ۱۹۲۵ء کا عدد نکلتا ہے ـــــ اور عرفی نام "سیف الجبار علیٰ کفر زمیندار" ہے ـــــ اس میں حضرت مفتی اعظم قبلہ قدس سرہٗ نے اخبار زمیندار میں شائع ہونے والے مندرجہ ذیل تین کفری اشعار کا رد بلیغ فرمایا ہے۔

یہ سچ ہے اس پہ خدا کا چلا نہیں قابو	مگر ہم اس بت کافر کو رام کرلیں گے
بجائے کعبہ خدا آج کل ہے لندن میں	وہیں پہنچ کے ہم اس سے کلام کرلیں گے
جو مولوی نہ ملے گا تو مالوی ہی سہی	خدا خدا نہ سہی رام رام کرلیں گے

اس رسالہ پر تمہید حمید حضرت مولانا سید ابو البرکات سید احمد رضوی صدر انجمن حزب الاحناف لاہور کی ہے۔ جو بڑی اہمیت کی حامل ہے ـــــ اس فتویٰ پر حضرت صدر الشریعہ مولانا محمد امجد علی صاحب اعظمی حضرت صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین صاحب مرادآبادی، حضرت شیر بیشۂ سنت مولانا محمد حشمت علی صاحب لکھنوی اور حضرت مولانا مفتی تقدس علی صاحب رضوی بریلوی وغیرہ ۱۹ اکابر اہلسنت کی تصدیقات ہیں۔ ـــــ اور حضرت مفتی اعظم ہند قدس سرہٗ کی تائید میں حضرت مولانا مفتی محمد ابراہیم صاحب صدر المدرسین شمس العلوم بدایوں، حضرت مولانا مفتی اولاد رسول محمد میاں قادری برکاتی سجادہ نشین آستانۂ عالیہ برکاتیہ مارہرہ مطہرہ، حضرت مولانا مفتی عبد الکریم صاحب درس السنوی الحنفی مفتی کراچی اور حضرت مولانا مفتی محمد ریحان حسین صاحب مدرس ارشاد العلوم رام پور کے فتاوے بھی علمائے اہلسنت کی تصدیقات کے ساتھ آخر میں شامل ہیں ـــــ ـــــ یہ رسالہ اس مجموعۂ فتاویٰ میں ص۵۹۱ سے ص۶۲۶ تک پھیلا ہوا ہے۔

(۲۲) سامان بخشش (۱۳۴۷ھ) عرف گلستان نعت نوری (۱۳۵۴ھ) ـــــ یہ حضرت مفتی اعظم ہند قبلہ قدس سرہٗ کا نعتیہ دیوان ہے۔ جو ۲۴۴ صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ اس میں حمد باری تعالیٰ اور نعت و مناقب کے ساتھ غزل و رباعیات بھی ہیں۔ آپ کی شاعری میں جگہ جگہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رضی عنہ ربہ القوی کی شاعری کا بھرپور عکس نظر آتا ہے ـــــ یہ دیوان ۱۳۴۷ھ سے ۱۳۵۴ھ کے درمیان مکمل ہوا۔ اس لئے حضرت نے دونوں سنوں کے حساب سے اس کا دو نام رکھا۔